# پاکستان پوسٹ

## دفتر پوسٹ ماسٹر جنرل جنوبی پنجاب سرکل ملتان

## ٹینڈر نوٹس برائے سال 2023-2022

پاکستان پوسٹ کو جنوبی پنجاب سرکل کے جنرل پوسٹ آفیسز (GPOs) اور دیگر پوسٹ آفیسز (POs)/دفاتر (جن کی تفصیل ٹینڈر فارم کے ساتھ مہیا کی جائے گی) کے لیے ریٹائرڈ فوجی یا تربیت یافتہ گارڈز کی تعیناتی کیلئے رجسٹرڈ سیکورٹی کمپنیوں کی خدمات مطلوب ہیں۔

لہذا ملتان سرکل میں رجسٹریشن کروانے کی خواہشمند پرائیوٹ سیکورٹی کمپنیوں سے مندرجہ ذیل شرائط وضوابط پر معروف سیکورٹی کمپنیوں سے سربمہر ٹینڈر مطلوب ہیں۔ٹینڈر میں مندرجہ ذیل اضافی معلومات الگ سے درج کی جائیں گی۔

1- کمپنی /فرم /مالک کا نام کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ، ٹیلیفون / موبائل نمبرز اور آفس پتہ

2- با قاعدہ مکمل شدہ ٹینڈر جن میں کمپنی/فرم کا پورا نام، پتہ بمعہ مالی حیثیت/ادارہ جاتی ڈھانچہ اور محل وقوع/پاکستان بھر میں برانچ دفاتر کے پتے بمعہ ٹیلیفون نمبر کاروبار کی پروفائل۔

3- میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن بمعہ انکارپوریشن کی کاپی

4- سرٹیفکیٹ بابت ہر سیکورٹی گارڈ کے پاس اسلحہ، میٹل ڈیٹیکٹر وغیرہ موجود ہونا۔

5- وزارت داخلہ کی طرف سے جاری کردہ این او سی/لائسنس کی کاپی۔

6- گزشتہ تین سال کے لیے فنانشل سٹیٹمنٹ / آڈٹ شدہ بیلنس شیٹ۔

7- نیشنل ٹیکس نمبر

8- گزشتہ تین برس کے انکم ٹیکس کے گوشوارے

9- گزشتہ تین برس میں مالیت کے اعتبار سے سالانہ کاروبار کا حجم۔

10- اسٹام پیپر پر حلف نامہ جمع کروانا ہوگا کہ کمپنی/فرم ڈیفالٹر، بلیک لسٹ، کسی کورٹ میں مقدمہ اور کسی بھی ادارے کی نادہندہ نہ ہے۔

11- ای او بی آئی اور سوشل سیکورٹی ڈیپارٹمنٹ کے رجسٹریشن نمبر۔

12- پیشکش دو الگ سربمہر لفافوں جس پر تکنیکی پیشکش اور مالی پیشکش درج ہو ارسال کی جائیں۔

13- انتخاب پیشکشوں کے دو مراحل پر مشتمل الگ الگ تکنیکی اور مالی طریقہ کار کے مطابق ہوگا۔ پہلے مرحلے میں تکنیکی پیشکش کھولی جائیں گی۔اور بعد میں مالی پیشکش کھولی جائیں گی۔

14- مالی پیشکش صرف ان کنٹریکٹروں کی کھولی جائیں گی۔جن کی تکنیکی پیشکش منظور ہوگی۔

15- کامیاب بولی دہندگان سے فراہم کیے جانے والے سیکورٹی گارڈز کی پروفائلز یعنی شناختی کارڈ، نام و مکمل پتہ اور پولیس ویری فیکشن رپورٹس، پینشن بک وغیرہ فراہم کریں گے اور تصدیقی سرٹیفکیٹ فراہم کریں گے کہ تعینات کردہ تمام سیکورٹی گارڈز ایگریمنٹ کے قواعد وضوابط کے مطابق ہیں۔

Scanned with CamScanner

16-ریٹس ماہانہ فی گارڈ کی بنیاد پر درکار ہیں۔

17- کنٹریکٹ کا عرصہ ایک سال ہوگا۔ جو کہ باہمی رضامندی سے مزید قابل توسیع ہوگا۔

18- کمپنی / فرم اپنے ریٹس لازما بشمول تمام سرکاری ٹیکس (صوبائی/وفاقی) دے گی۔

19- کمپنی/فرم محکمہ کی ڈیمانڈ کے مطابق جنوبی پنجاب کی سطح پر سیکورٹی گارڈز مطلوبہ پوسٹ آفسز میں مہیا کرنے کی پابند ہوگی۔ کسی بھی قسم کے نقصان کی صورت میں (چوری، ڈکیتی وغیرہ) اور سیکورٹی گارڈ کی نااہلی کی صورت میں نقصان پورا کرنے کی تمام تر ذمہ داری کمپنی پر ہوگی۔

20- کلائنٹس (Clients) کی تفصیلات اور تجربہ کے ساتھ ٹینڈر بنام زیر دستخطی بتاریخ 25-04-2022 کو رجسٹرڈ ڈاک یا دستی 10:00 بجے تک لازما پہنچ جانے چاہئیں۔ کوئی ٹینڈر بعد میں وصول نہیں کیا جائے گا۔ جو کہ ٹینڈر کمیٹی اسی دن 11:30 بجے موقع پر موجود خواہشمند ٹینڈر دہندگان یا ان کے نمائندگان کی موجودگی میں کھولے گی

21-مالی پیشکش کے ساتھ مبلغ-/3,00,000 روپے بطور زر بیعانہ بصورت بینک ڈرافٹ بنام پوسٹ ماسٹر جنرل جنوبی پنجاب سرکل ملتان منسلک ہونے چاہئیں۔ زر بیعانہ کے بغیر پیشکش/زیر غور نہیں لائی جائیں گی۔

22- مجاز حکام PPRA Rules کے مطابق کوئی ایک یا تمام ٹینڈر مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں

23-ٹینڈر فارم مبلغ-/1000 روپے کے عوض دفتری اوقات کے دوران حاصل کیا جاسکتا ہے جو کہ نا قابل واپسی ہے

اس سلسلہ میں کسی قسم کی معلومات کے لیئے اس آفس کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر سے دفتری اوقات کے دوران فون نمبر **061-9200616** پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔


**اسسٹنٹ پوسٹماسٹر جنرل (آپریشنل اینڈ فنانشنل سروسز)**

**جنوبی پنجاب سرکل ملتان**

**فون نمبر 061-9201104**


Scanned with CamScanner